10993 ـ ایك شخص چالیس میل كی مسافت پر كام كرتا ہے كیا وہ نماز قصر كرے گا ؟

سوال

میں ملازمت پر جانے كے لیے ڈیوٹی كے ایام میں (سوموار سے لیكر جمعہ تك) گاڑی كے ذریعہ تقریبا روزانہ چالیس میل كی مسافت طے كرتا ہوں روزانہ صبح اپنا علاقہ چھوڑ كر شام كو واپس آتا ہو، كیا میرے لیے ڈیوٹی پر نماز قصر كرنی جائز ہے، اگرچہ میں روزانہ سفر كروں ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

اگر انسان اپنے شہر سے تقریبا سو كلو میٹر كا سفر كرے تو وہ سفر كے احكام قصر، اور روزہ افطار كرنا، اور نمازیں جمع كرنا، تین یوم موزوں پر مسح كرنا ان احكام پر عمل كر سكتا ہے، كیونكہ یہ مسافت سفر كی مسافت شمار ہو گی، اور اسی طرح جمہور علماء كے ہاں تقریبا اسی كلو میٹر مسافت كا سفر كرنے والا شخص بھی مسافر ہو گا.

واللہ اعلم .